کام ہے تاہم اس کتاب کو قاری دیکھ کر اسے اسکی سہل نگاری کا انداز ہوسکتا ہے انہوں نے ہر بات کو عام فہم انداز میں پیش کرنے کی کوشش کی ہے ایک خصوصیت یہ بھی کہ جابجا فلسفہ یونان کے شریعت سے متصادم افکار کا محاکمہ اور نقد بھی پیش کیا ہے یقیناً یہ ایک اچھی روش ہے، یہ کتاب فلسفہ پر مہارت اور عبور حاصل کرنے کیلئے ممد ومعاون، فن منطق کے مصطلحات سمجھنے میں رہنما، طلبہ واساتذہ فلسفہ کیلئے یکساں مفید، طلبہ کے استعداد بڑھانے، فلاسفہ یونان کے باطل نظریات کے ابطال، علم کلام کے سمجھنے، قدیم اور جدید فلکیات کا فہم رکھنے اور کئی معقولاتی کتابوں سے مستغنی کرنے لئے یہ ایک بہترین کاوش اور قیمتی سوغات ہے۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ مصنف کو مزید اس طرح علمی کاموں کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

# مطبوعات مکتبۃ الایمان کراچی

لوگوں میں علم اور عمل کا شوق بڑھانے کیلئے ایسے اداروں کی ضرورت ہوتی ہے، جو فروغ علم واشاعت علم میں سرگرم عمل ہو اور لوگوں کو علمی غذا فراہم کرنے کے بھرپور جدوجہد کرے، اور ایسے لوگوں کی بھی ضرورت ہوتی ہے جو علم کی آبیاری کیلئے ہر قسم کی قربانی دینے کو تیار ہو، اور وسائل علم یعنی کتابوں اور رسالوں کی نشر واشاعت میں کوئی کسر نہ چھوڑے، اس پیہم عمل کیلئے پاکستان میں کئی ادارے سرگرم عمل ہیں جو وقتاً فوقتاً اہل علم وفضل کو علمی مواد مہیا کرتے ہیں، ان اداروں میں ایک ادارہ مکتبہ الایمان کراچی بھی ہیں جو نہایت ہی قابل قدر خدمات سرانجام دیتے رہتے ہیں، اور اکابر کی کتابوں کی نشر واشاعت بخوبی کررہے ہیں، اب تک یہ ادارہ نہایت قیمتی کتابیں منظر عام پر لاچکے ہیں اور مزید کتابوں پر بھی کام جاری ہیں، ذیل میں اس ادارے کے چند کتابوں پر مختصر تبصرہ پیش خدمت ہیں۔

☐ **تحفظ مدارس اور علماء طلباء سے چند باتیں** تالیف: مولانا عبدالرزاق اسکندر مدظلہ

یہ کتاب شیخ الحدیث حضرت مولانا عبدالرزاق اسکندر مدظلہ کے ان مقالات ومضامین اور بیانات پر مشتمل ہے، جو یا تو مختلف رسائل میں شائع ہوچکے ہیں، یا بعض تقریبات میں بیان کرتے ہوئے محفوظ کیا گیا ہے، اس بہترین کتاب کا موضوع طلبہ میں پڑھنے پڑھانے کا ذوق اجاگر کرنا ہے، یہ ایک بہترین سوغات ہے، جسکا مرتب مولانا محمد زین العابدین صاحب ہیں، انہوں نے اچھے انداز سے اس کتاب کو مرتب کیا، کتاب کی ضخامت ۲۰۸ صفحات ہے، اللہ تعالیٰ موصوف کی اس کاوش کو شرف قبولیت سے نوازے۔ آمین

☐ **اصلاحی گزارشات** تالیف: مولانا عبدالرزاق اسکندر مدظلہ ضخامت: ۲۱۶ صفحات

یہ کتاب بھی شیخ الحدیث حضرت مولانا عبدالرزاق اسکندر مدظلہ کی مختلف بیانات اور مختلف مقالات کا مجموعہ ہے جو مختلف رسائل میں شائع ہوچکے ہیں، اور بیان کو ریکارڈ کر کے شائع کی ہے، اب مولانا زین العابدین صاحب نے مرتب کر کے کتابی شکل میں شائع کرنے کی سعادت کی، اپنے موضوع پر ایک بہترین اور قیمتی تحفہ ہے، اللہ تعالیٰ موصوف کو مزید خدمات کی توفیق عنایت فرمائے۔ آمین